# بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

کراچی بائی پاس (نیشنل ہائی وے) بہاولپور

فون نمبر 0345-8880202 0301-6672323


ریفرنس نمبر: بی سی آئی/بی ڈبلیو پی/2023-08-(422)

مورخہ 28 ستمبر 2023

## کاروائی ایگزیکٹو کمیٹی اجلاس بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری منعقدہ مورخہ 28 ستمبر 2023ء

بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ایگزیکٹو کمیٹی کا ایک اجلاس 28 ستمبر 2023ء بروز جمعرات بوقت 11:30 بجے دن زیر صدارت صدر چیمبر جناب چوہدری ذوالفقار علی مان منعقد ہوا۔ جس میں درج ذیل اراکین شریک ہوئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ | جناب چوہدری ذوالفقار علی مان | (صدر) | آئیڈیل پاکستان انڈسٹریز پرائیویٹ لمیٹڈ، یزمان |
| 2۔ | جناب حنیف احمد | (سینئر نائب صدر) | السعید گارمنٹس اینڈ شوز، بہاولپور |
| 3۔ | جناب عدیل خالد | (نائب صدر) | دوآبہ آئل انڈسٹریز، بہاولپور |
| 4۔ | جناب آصف عباس | (ممبر) | شیخ پروٹینز پرائیویٹ لمیٹڈ، لودھراں |
| 5۔ | جناب ظفر اقبال | (ممبر) | چوہدری موٹرز اینڈ پراپرٹی ایڈوائیزر، بہاولپور |
| 6۔ | جناب سید مزمل حسین | (ممبر) | انیق سپر سٹور، بہاولپور |
| 7۔ | جناب شہزاد احمد | (ممبر) | غوث الاعظم فلور ملز، لودھراں |
| 8۔ | جناب محمد جواد بندیشہ | (ممبر) | الفتح اسٹیٹ اینڈ بلڈرز، بہاولپور |
| 9۔ | جناب محمد نبیل شاکر | (ممبر) | ارسلان ٹوورز پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولپور |
| 10۔ | جناب محمد سہیل صدیق | (ممبر) | سہیل وقاص پرائیویٹ لمیٹڈ، لودھراں |
| 11۔ | جناب وقاص اختر | (ممبر) | پرویز اختر گورنمنٹ کنٹریکٹر اینڈ جنرل آرڈر سپلائیر، بہاولپور |
| 12۔ | جناب شیخ محمد خرم اظہار | (ممبر) | سبزازار میرج لان، بہاولپور |
| 13۔ | جناب عامر ممتاز | (ممبر) | عامر ممتاز ٹریڈرز، احمد پور شرقیہ |
| 14۔ | جناب عدنان احمد | (ممبر) | فائیو سٹار سی این جی فلنگ اسٹیشن، بہاولپور |
| 15۔ | جناب مرید احمد نعیم | (ممبر) | مرید اینڈ کو، احمد پور شرقیہ |
| 16۔ | جناب عباس علی | (ممبر) | ہما سلک سنٹر، بہاولپور |
| 17۔ | جناب محمد ارشد نذر رحمانی | (ممبر) | رحمانیہ ایسوسی ایٹس بہاولپور |

تلاوت کلام پاک سے میٹنگ کا آغاز ہوا۔ صدر چیمبر جناب چوہدری ذوالفقار علی مان نے میٹنگ میں آنے والے تمام ایگزیکٹو اراکین کو میٹنگ میں شرکت کرنے پر

خوش آمدید کہا۔اس کے بعد ایجنڈے کے درج ذیل امور زیر غور لائے گئے۔

**ایجنڈا نمبر 1:-** **سابقہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ منعقدہ مورخہ 05 اگست 2023ء کی کاروائی کی توثیق۔**

میٹنگ میں گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس منعقدہ مورخہ 05 اگست 2023ء کی کاروائی برائے توثیق پیش کی گئی، ہاؤس نے ایجنڈا جات اور ان کی تفصیل سے اتفاق کرتے ہوئے منظور کرلیا اور اسکی توثیق کرتے ہوئے درج ذیل قراداد منظور کر لی۔

**قرارداد 20/2022-23**

**"ہرگاہ ہاؤس بہاولپور چیمبر کی ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگ منعقدہ مورخہ 05 اگست 2023ء کی کاروائی سے مکمل اتفاق کرتا ہے اور بااتفاق رائے اس کی توثیق کرتا ہے"**

**ایجنڈا نمبر 2:-** **گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک چیمبر میں آنے والی نئی ممبر شپ کی منظوری۔**

سیکرٹری جنرل چیمبر نے ہاؤس کے سامنے گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگ منعقدہ مورخہ 05 اگست 2023 سے لیکر موجودہ میٹنگ تک بہاولپور چیمبر میں ہونے والی نئی ممبر شپ کی فہرست پیش کی۔جس کے مطابق 5 ممبر شپ برائے کارپوریٹ کلاس اور 79 ممبر شپ برائے ایسوسی ایٹ کلاس رجسٹر ہوئی ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

**کارپوریٹ کلاس:** 1۔اے ٹو زیڈ پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولنگر 2۔باجوہ زرعی ٹریڈرز ایس ایم سی پرائیویٹ لمیٹڈ، فورٹ عباس
3۔شریف سیکیورٹی کمپنی پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولپور 4۔نیگرا فالز ہوٹل اینڈ بینکوئٹ ہال پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولپور 5۔شاہد احمد امپیکس پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولپور

**ایسوسی ایٹ کلاس:** 1۔مقبول انڈسٹریز، بہاولپور 2۔لانگووال کمیونیکیشن، لودھراں 3۔الحمد کنسٹرکشن کو، بہاولپور
4۔بابا فرید اینڈ کمپنی زرعی سروس، احمد پور شرقیہ 5۔معاز ٹریڈرز، بہاولپور 6۔سٹی پولٹری فارم، لودھراں 7۔خان گولڈ سمتھ اینڈ سلور ہاؤس، احمد پور شرقیہ
8۔ایس پراپرٹی کنسلٹنٹ، بہاولپور 9۔امتیاز ٹریڈرز، بہاولپور 10۔مسلم ٹریڈرز، دنیاپور 11۔جے ڈاٹ پروٹین فارم، لودھراں
12۔شاہزین ٹریڈرز، لودھراں 13۔اقبال ٹریڈرز، کہروڑپکا 14۔تاج گجر پٹرولیم، ہارون آباد 15۔الغنی کنٹرول شیڈ، ہارون آباد
16۔سجاد کریانہ سٹور، چھونا والا 17۔ظفر ڈیری فارم، فورٹ عباس 18۔شازی بیوٹی پارلر، بہاولپور 19۔آٹو ڈیلز، بہاولپور 20۔ایم عون انٹرنیشنل، بہاولپور
21۔الحق کارپوریشن، بہاولپور 22۔حسین فیبرکس، بہاولپور 23۔اصغر برادرز سینٹری سٹور، احمد پور شرقیہ 24۔قریشی بلڈرز اینڈ گورنمنٹ کنٹریکٹر، بہاولپور
25۔گورایا ویٹرنری کلینک، چشتیاں 26۔اقبال اینڈ سنز، بہاولپور 27۔نیو اقبال اینڈ سنز، بہاولپور 28۔اریبین پراپرٹی ڈیلر، بہاولپور
29۔سمیع اللہ اینڈ برادرز، بہاولپور 30۔خلیل احمد اینڈ کو، بہاولپور 31۔النور پائپ اینڈ آئرن سٹور، بہاولپور 32۔عثمان ڈیری فارم، یزمان
33۔راؤ احسان پروٹین، لودھراں 34۔اسلم خان موٹر ورکشاپ، بہاولپور 35۔محمد عثمان قریشی کمیشن ایجنٹ، بہاولپور 36۔شہباز ٹریڈرز، چشتیاں
37۔شہباز ٹریڈرز، لودھراں 38۔حفیظ ایگرو سروس اینڈ ٹنل میٹریئل، لودھراں 39۔یاسر اینڈ برادرز فلنگ اسٹیشن، چشتیاں 40۔ہاشم دوخانہ، احمد پور شرقیہ
41۔کریم اللہ قمر ایگری کلچرسٹ، ہارون آباد 42۔گولڈن بال انٹرنیشنل، احمد پور شرقیہ 43۔احتشام فش فارم، یزمان 44۔عبداللہ سپرے سنٹر، کچھی والا
45۔یزمان ہنڈا سنٹر، یزمان 46۔عمر موٹرز، ہیڈ راجکاں 47۔محسن موٹرز اینڈ ٹریکٹر شوروم، بہاولپور 48۔حافظ کلاتھ ہاؤس، بہاولپور
49۔انصاری کلاتھ پیلس، بہاولپور 50۔اے آر پراپرٹی لنکس اینڈ بلڈرز، بہاولپور 51۔رانا موٹرز، بہاولپور 52۔روشن جیولرز، بہاولپور
53۔عمیر فیبرکس، بہاولپور 54۔راجپوت اینڈ کو، میکلوڈ گنج 55۔فینسی کلاتھ ہاؤس، چشتیاں 56۔ساجد کلاتھ ہاؤس، چشتیاں
57۔سہیل ڈیری فارم، چشتیاں 58۔کباب جی اٹیلر، بہاولپور 59۔زی ہائے ٹریڈرز اینڈ کنسلٹنٹس، حاصل پور
60۔جنید افضل ایگری پروڈیوس اینڈ کمیشن ایجنٹ، حاصل پور 61۔المدینہ ٹریڈرز، بہاولپور 62۔سویرہ کارپوریشن، ہیڈ راجکاں
63۔حاجی غلام رسول ایگری پروڈیوس، چشتیاں 64-110 ایڈرٹائزنگ، بہاولپور 65۔اوشن ٹریڈرز، بہاولپور 66۔رائل نیٹ، بہاولپور

CS CamScanner

67۔فرحان انٹر پرائزز، احمد پور شرقیہ 68۔یاسر ٹریڈرز، حاصل پور 69۔حسین پینٹ فیکٹری، بہاولپور 70۔عاشق رسول سکریپ ڈیلر، بہاولپور
71۔وقار زرعی فارم، دھنوٹ 72۔ایشال انٹر پرائزز، حاصل پور 73۔یونس برادرز شوز، بہاولپور 74۔شیخو کا کنسٹرکشن کمپنی، چشتیاں
75۔رضا برادرز پلاسٹک بوتل انڈسٹری، ہیڈ راجکاں 76۔روما ہیلتھ کیئر، بہاولپور 77۔ملٹی بزنس گروپ، بہاولپور 78۔شیرازی سعدات منی گڈز، بہاولپور
79۔ظفر اقبال بیگ ٹریڈرز، احمد پور شرقیہ

ہاؤس نے آنے والی درج بالا کارپوریٹ اور ایسوسی ایٹ کلاس کی تمام نئی ممبر شپ پر غور وخوض کرتے ہوئے ان کی باقاعدہ طور پر منظوری دیتے ہوئے درج ذیل قرارداد کی توثیق کر دی۔

**قرارداد 21/2022-23**

**"ہر گاہ ہاؤس گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ منعقدہ مورخہ 05 اگست 2023 سے لیکر آج کی میٹنگ تک بہاولپور چیمبر میں آنے والی تمام نئی ممبر شپ جس میں 5 کارپوریٹ اور 79 ایسوسی ایٹ کلاس شامل ہیں، کی بہاولپور چیمبر کی ممبر شپ حاصل کرنے کی باقاعدہ طور پر منظوری دیتا ہے۔"**

**ایجنڈا نمبر 3:- گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک چیمبر کی سرگرمیوں پر بریفنگ۔**

صدر چیمبر کی ہدایت پر سیکرٹری جنرل چیمبر نے ملٹی میڈیا کے ذریعے گذشتہ میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک (چیمبر اور چیمبر سے باہر) ہونے والے تمام پروگرامز، میٹنگز وغیرہ جن میں چیمبر کے اعلیٰ عہدیداران، اراکین ایگزیکٹو اور دیگر اراکین شریک ہوئے، پر بریفنگ دی جسے جاننے کے بعد ہاؤس نے اظہار تحسین کیا۔

**ایجنڈا نمبر 4:- بہاولپور چیمبر کی 32 ویں سالانہ جنرل میٹنگ 2023 پر اٹھنے والے ممکنہ اخراجات کی منظوری۔**

صدر چیمبر نے ہاؤس کو اعتماد میں لیتے ہوئے وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ ہر سال کی طرح ایس ای سی پی ایکٹ کے مطابق بہاولپور چیمبر کی سالانہ جنرل میٹنگ اس مرتبہ بھی 30 ستمبر 2023 کو منعقد کی جا رہی ہے۔ جیسا کہ آپ اس بات سے بخوبی آگاہ ہیں کہ اس مرتبہ پاکستان بھر میں قائم تمام ٹریڈ آرگنائزیشنز کے انتخابات ایک سال کے لیے موخر کر دیے گئے ہیں اور بہاولپور چیمبر کے عہدیداران اگلے ایک سال کے لیے بھی اپنے اپنے عہدوں پر فائز رہیں گے۔ الیکشن نہ ہونے کی وجہ سے اس مرتبہ چیمبر کے الیکشن میں حصہ لینے والوں کی جانب سے جو چیمبر ڈویلپمنٹ فنڈ کی مد میں جو رقم چیمبر کو موصول ہوتی تھی وہ اس مرتبہ موصول نہ ہو سکے گی اور اس صورت میں چیمبر کی سالانہ جنرل میٹنگ پر اٹھنے والے اخراجات چیمبر کو ہی برداشت کرنا پڑیں گے۔ ہماری کوشش ہے کہ یہ اخراجات کم سے کم ہوں تاہم جس حساب سے مہنگائی کا دور دورہ ہے اس حساب سے تقریباً کم وبیش 25 تا 27 لاکھ روپے کے اخراجات کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ جنرل میٹنگ میں عشائیے کے لیے مختلف وینڈرز سے کوٹیشن حاصل کی گئی ہیں تاہم سب سے کم ریٹ پنجاب دیگ اینڈ کیٹرنگ بہاولپور نے 2150 روپے دیا ہے اور ہم نے کوشش کی ہے کہ اسی وینڈر کو فائنل کر لیا جائے۔ صدر چیمبر نے ہاؤس کو یہ بھی بتایا کہ کیونکہ اس سال ہمارے الیکشن کا انعقاد نہیں ہو سکا ہے اور خیال کیا جاتا ہے کہ جنرل میٹنگ میں اراکین کی تعداد اس تناسب سے شریک نہ ہو سکے گی جیسا کہ الیکشن کے دنوں میں شریک ہوتی ہے تاہم باہمی مشاورت سے یہ طے پایا ہے کہ 700 اراکین کا انتظام کیا جائے گا۔ صاحب صدر کی اس بات سے ہاؤس نے مکمل اتفاق کیا اور سالانہ جنرل میٹنگ پر اٹھنے والے اخراجات جو کم وبیش 25 تا 27 لاکھ روپے خرچ ہونگے کی باقاعدہ منظوری دی اور دیگر انتظامات پر بھی غور خوض کرتے ہوئے ان کی بھی منظوری دیتے ہوئے درج ذیل قرارداد کی توثیق کر دی۔

**قرارداد 22/2022-23**

**"ہر گاہ ہاؤس بہاولپور چیمبر کی 32 ویں سالانہ جنرل میٹنگ پر اٹھنے والے اخراجات تقریباً 25 تا 27 لاکھ روپے کی باقاعدہ طور پر منظوری دیتے ہوئے قرارداد کی توثیق کرتا ہے۔"**

CamScanner

**ایجنڈا نمبر 5:-** **ماہ اگست 2023 کے دوران چیمبر میں ہونے والے اخراجات کی منظوری۔**

سیکرٹری جنرل چیمبر نے ہاؤس میں ماہ اگست 2023 کے اخراجات پر مبنی گوشوارہ برائے منظوری پیش کیا۔ سیکرٹری جنرل نے اخراجات پر مبنی گوشوارہ پیش کرنے سے پہلے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ چیمبر کی فنانس کمیٹی اپنی میٹنگ منعقدہ مورخہ 20 ستمبر 2023 میں ان تمام اخراجات بمع بلز اور ووچرز ریویو کر چکی ہے۔ سیکرٹری جنرل نے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ ماہ اگست 2023 کے دوران چیمبر میں ہونیوالے اخراجات پر مبنی گوشوارہ برائے غور وخوض ومنظوری ایگزیکٹو اراکین کی فائلوں میں موجود ہیں جس کے مطابق ماہ اگست میں ہونیوالے کل اخراجات مبلغ-7,17,504 روپے ہیں۔ ہاؤس نے ان اخراجات پر مبنی گوشوارہ پر غور وخوض کرتے ہوئے ان اخراجات کو منظور کر لیا اور باتفاق رائے درج ذیل قرارداد کی توثیق کر دی۔

**قرارداد 22/2022-23**

**"ہرگاہ ہاؤس بہاولپور چیمبر ماہ اگست میں ہونیوالے کل اخراجات مبلغ-7,17,504 روپے کی باتفاق رائے منظوری دیتا ہے اور ان اخراجات کی توثیق کرتا ہے۔"**

**ایجنڈا نمبر 6:-** **بہاولپور چیمبر کی آڈٹ رپورٹ برائے سال 2022-23 کی منظوری۔**

صاحب صدر کی ہدایت پر سیکرٹری جنرل چیمبر کے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ بہاولپور چیمبر کے آڈٹ شدہ حسابات برائے سال 2022-23 کی آڈٹ رپورٹ آپ سب کے سامنے موجود ہے آپ سب اس رپورٹ کا باغور جائزہ لیں اور اس رپورٹ کی منظوری درکار ہے۔ صاحب صدر نے ہاؤس کو آگاہ کرتے ہوئے یہ بھی بتایا کہ گذشتہ سال جب ہم نے چیمبر کی صدارت کا عہدہ سنبھالا تھا تو اس وقت چیمبر کے ریزرو تقریباً 25 سے 26 لاکھ روپے تھے اور یہ بات باعث اطمینان ہے کہ اس وقت ہمارے چیمبر کے ریزروز گذشتہ سال کی نسبت زیادہ ہیں اور چیمبر کے آڈیٹر کو اس مرتبہ ہم نے آڈٹ فیس کی مد میں 45 ہزار روپے دیئے ہیں جو کہ ہر سال 60 ہزار روپے وصول کرتے ہیں۔ ہاؤس نے آڈٹ رپورٹ میں درج تمام حسابات کا باغور جائزہ لیتے ہوئے اس کی حتمی منظوری کے لیے جنرل باڈی کی میٹنگ میں پیش کرنے کے لیے کہا۔

**ایجنڈا نمبر 7:-** **صاحب صدر کی پیشگی اجازت سے زیر غور لائے جانے والے امور۔**

اس ایجنڈے پر بات کرتے ہوئے صاحب صدر نے ہاؤس کو اعتماد میں لیا اور کہا کہ اگر ملک میں مہنگائی پر نظر دوڑائی جائے تو ہر چیز قوت خرید سے باہر ہوتی جا رہی ہے، آئے روز بجلی، پٹرولیم مصنوعات اور روزمرہ کے استعمال کی ضروری اشیاء کے نرخ آسمان سے باتیں کر رہے ہیں، اسی طرح چیمبر میں آنے والی تمام اشیاء جن میں ضروری اسٹیشنری، انٹرٹیمنٹ، ماہانہ صفائی کا سامان بھی تقریباً آدھے سے زیادہ مہنگا ہو گیا ہے اس کے علاوہ دیگر اخراجات میں بھی کافی حد تک اضافہ ہو چکا ہے، ضرورت اس امر کی ہے کہ ان تمام اخراجات سے باآسانی نبرد آزما ہونے کے لیے چیمبر کی ممبر شپ فیسوں میں مناسب اضافہ کیا جائے جس پر ہاؤس نے اپنی اپنی جانب سے مختلف آراء پیش کیں تاہم صاحب صدر نے کہا کہ نئی آنے والی ممبر شپ کی ایڈمیشن فیس اور سالانہ فیس میں کچھ اضافہ کیا جائے تاہم صاحب صدر نے کہا کہ چیمبر کے چند سابق صدور اور سینئرز سے باہمی مشاورت کے بعد چیمبر کی سالانہ جنرل میٹنگ میں اراکین جنرل باڈی سے اس کی باقاعدہ منظوری حاصل کی جائے گی۔

**چونکہ مزید کوئی نکتہ زیر غور نہ تھا لہٰذا صدر چیمبر نے میٹنگ کے اختتام کا اعلان کیا۔ جس کے بعد اراکین ایگزیکٹو کی چائے سے تواضع کی گئی۔**

(سیکرٹری جنرل)
بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

(صدر)
بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری